St. Jude Children's Research Hospital

UNIVERSITY OF CHILD HEALTH SCIENCES LAHORE
Learn, Explore, Transform

# مہم برائے آگاہی : بچوں اور نوجوانوں میں کینسر کی ابتدائی علامات اور بروقت تشخیص۔

## CARE



Together by St. Jude™

together.stjude.org

PSPO Pakistan Society of Pediatric Oncology

HEALTH DEPARTMENT PUNJAB
حکومت پنجاب

PAKISTAN PEDIATRIC ASSOCIATION
PPA

# مہم برائے کینسر آگاہی: بچوں اور نوجوانوں میں کینسر کی ابتدائی علامات۔

## (بچوں کا کینسر قابل علاج ہے)

## "سلامتی"




### س۔سوجن / گٹھلی

پیٹ اور کمر، سر اور گردن، بازو اور ٹانگوں ، خصیوں اور غدود میں سوجن یا گٹھلی۔



### ل- لمبے عرصےسے بخار

لمبے عرصے (دو ہفتوں سے زیادہ) تک بخار رہنا، وزن میں کمی، چوٹ کے بغیر جسم پر نیل پڑ جانا۔



### ا - آنکھ کی تبدیلیاں

**آ**نکھوں میں تبدیلی کا نظر آنا۔ آنکھ میں سفید دھبہ، نیا ٹیڑھا پن، بینائی کی کمی، آنکھ کا ابھرنا۔




### م- مسلسل درد

مسلسل علامات کی صورت میں فورا طبی مدد حاصل کریں۔ مسلسل جسم میں درد محسوس ہونا اور ہڈیوں کا آسانی سے ٹوٹ جانا۔



### ت- توازن اور عصبی علامات

توازن، چلنے یا بولنے میں تبدیلیاں، پچھلی صلاحیتوں میں کمی، ایک ہفتے سے زیادہ سر درد (الٹی کے ساتھ یا بغیر)، سر کا بڑا ہونا۔



### ی ۔ یرقان کی تبدیلیاں

**ی**رقان اور جگر میں رسولی کا ظاہر ہونا، جلد کا پیلا پڑ جانا، تھکن اور کمزوری محسوس ہونا.



St. Jude Children's Research Hospital

University of Child Health Sciences Lahore — Learn, Explore, Transform

PSPO Pakistan Society of Pediatric Oncology

Pakistan Pediatric Association PPA

Health Department Punjab — حکومت پنجاب

St.Jude Children's
Research Hospital.

TOGETHER,WE CAN BEAT THIS
AND SAVE LIVES.

St. Jude Children's Research Hospital

**PROJECT:**

## " Promoting Early Diagnosis of Childhood Cancer by Training Primary and Secondary Health Care professionals in Punjab, Pakistan."

## CARE.

**CHILDHOOD CANCER IS CURABLE.**

| C | C- Childhood Cancer Awareness by Training Primary and Secondary Health Care Professionals. |
|---|---|
| A | A- Assessment Skills of On Time Early Diagnosis of Cancer in Children. |
| R | R- Rapid Referrals to seek Medical Help. |
| E | E- Enhanced Capacity of Health Care Providers for Early Diagnosis and Timely Referral From Primary Care Level to Tertiary Care Level. |

PSPO Pakistan Society of Pediatric Oncology

Pakistan Pediatric Association PPA

Health Department Punjab

# ASSESS
## Medical history and physical examination

**RED**

Assess the presence of one or more sign or symptoms. Immediately refer to pediatric ER or nearest health facility.

**YELLOW**

Assess the presence of one or more sign or symptoms. Refer to hospital with a pediatric hematology-oncology unit within **48 to 72 hours**.

**GREEN**

Assess the presence of one or more sign or symptoms. Conduct tests as necessary and refer to pediatric hematology-oncology

Extracted from PAHO handbook

# CLASSIFY BY FINDING

**IMMEDIATE CARE:**

Intense headache at night.
New onset seizures.
Loss of strength.
Unexplained petechiae or uncontrollable bleeding.

**PRIORITY CARE:**

Painless, Hard, Enlarged lymph nodes.
Night sweats, Fever, weight loss.
Leukocoria.
Persistent or recurrent vomiting.
Changes in behavior and school performance deterioration.

**SCHEDULED CARE:**

Generalized lymphadenopathy/ swelling.
Limping or joint pain/ bone pain.
Unexplained abdominal pain and
Persistent constipation,
Fatigue and pallor.
Unexplained fever more than 10 days and recurrent infections.

St. Jude Children's Research Hospital | ٹوگیدر by St. Jude™



# ...چاہے آپ کہیں بھی ہوں

# ہم ٹوگیدر ہیں۔

ٹوگیدر **by St. Jude™** آن لائن ذریعہ بچپن اور نوعمری کے کینسر کے بارے میں قابل اعتماد معلومات فراہم کرتا ہے۔

## با اعتماد معلومات

تشخیص اور علاج سے لے کر علامت کو نظم و نسق کرنے تک، آپ قابل انحصار، سمجھنے میں آسان معلومات تلاش کرسکتے ہیں۔

## عملی وسائل

دوا کے کارڈز سے لے کر بچوں کے لیے موافق تعریفات تک، آپ کو اپنی زندگی اور اپنے بچے کی نگہداشت کے نظم و نسق میں مدد کے لیے مفید وسائل تک رسائی حاصل ہے۔

## شیئر کردہ کہانیاں

ویڈیوز سے لے کر تحریری کہانیوں تک، آپ ان لوگوں کے تجربات اور بصیرت سے سیکھ سکتے ہیں جو نگہداشت کے ایسے سفر سے گزر چکے ہیں۔

مزید جاننے کے لیے اسکین کریں

**together.stjude.org** پر اضافی تعاون تلاش کریں۔


کئی زبانوں میں دستیاب


# بچوں اور نوجوانوں میں کینسر کی اقسام

| |
|---|
| • ایکیوٹ لمفوبلاسٹک لیوکیمیا (ALL) |
| • دماغ کے ٹیومرز |
| • نیفروبلاسٹوما / ولمز ٹیومر |
| • ایونگ سارکوما / آسٹیوسارکوما |
| • لیور کینسر |
| • ریٹینوبلاسٹوما |
| • لیمفوما |
| • جرم سیل ٹیومرز |

# ایکیوٹ لمفوبلاسٹک لیوکیمیا (ALL)

**ایکیوٹ لمفوبلاسٹک لیوکیمیا خون اور ہڈی کے گودے میں ہونے والا کینسر ہے ۔ یہ بچوں میں ہونے والا سب سے عام کینسر ہے۔**
**یہ کینسر زیادہ تر 2 سے 5 سال کی عمر میں ہوتا ہے۔**



## علامات :

- تھکاوٹ
- ہڈیوں یا جوڑوں میں درد
- بخار
- بار بار انفکشنز کا ہونا
- آسانی سے زخم لگ جانا اور خون کا مسلسل بہنا ۔
- جلد پر سرخ دھبے (پٹیکیائے) ہونا۔
- گردن ، بغل ، پیٹ یا زانوں کے بیچ میں گٹھلی کا ہونا۔
- پسلیوں کے نیچے درد یا بھاری پن۔
- پیلاپن ، بھوک نا لگنا۔
- سانس لینے میں دشواری، جگر کا بڑھ جانا۔
- تلی کا بڑھ جانا۔

## تشخیص:

- خون کا ٹیسٹ (cbc)، ہڈی کے گودے کا ٹیسٹ۔

Together by St. Jude™

# لیمفوما

St. Jude Children's Research Hospital

**لیمفوما، لمفاتی نظام (مدافعاتی نظام) کا ایک کینسر ہے۔**

**اقسام :**

1- ہاجکن لیمفوما
2- نان ہاجکن لیمفوما

## • ہاجکن لیمفوما :

- گردن ، سینہ ، بغل یا کمر کی جگہ میں بغیر درد کے پھولا ہوا لمف نوڈز (گٹھلی) ہے۔
- غیر ضروری وزن میں کمی، رات کو زیادہ پسینہ آنا۔
- تین یا تین سے زیادہ دن کا بخار ('104.4) ، بغیر کسی وجہ کے۔
- کھانسی یا سانس لینے میں مشکل آنا۔

### تشخیص:

- خون کے ٹسٹ ، بائی اوپسی ، ہڈی کے گودے کا ٹیسٹ۔

## • نان ہاجکن لیمفوما :

- نان ہاجکن لمفوما لمفاتی نظام کے کینسر کو کہتے ہیں جس میں پھولا ہوا لمف نوڈ موجود نہیں ہوتا ۔
- کھانسی اور سانس لینے کے مسائل۔
- پیٹ کے دائیں حصے میں گٹھلی اور درد ہونا۔
- متلی اور الٹی آنا ، جلد کا پیلا پن، جلد پر زخم بن جانا۔
- ہڈیوں کا درد۔

### تشخیص:

- جسمانی معائینہ ،خون کے ٹیسٹ ، ہڈی اسکین۔

Together by St. Jude™

# لیمفوما

- **ہاجکن لیمفوما :**



- **برکِٹ لیمفوما :**

برکیٹ لِمفوما ایک تیزی سے بڑھنے والا اور نہایت جارحانہ نوعیت کا بچپن میں پایا جانے والا سرطان ہے، جو عموماً پیٹ میں شروع ہوتا ہے۔ پیٹ میں رسولی بننے اور آنتوں میں رکاوٹ پیدا ہونے کے باعث اس کے علامات میں پیٹ درد، سوجن، متلی اور قے شامل ہو سکتی ہیں۔ یہ نان ہاجکن لِمفوما کی ایک قسم ہے، جس کے علاج کے لیے فوری اور شدید کیموتھراپی کی ضرورت ہوتی ہے، اگرچہ بعض مخصوص رسولیوں کے لیے سرجری بھی کی جا سکتی ہے۔





Together by St. Jude™

# ریٹینوبلاسٹوما

**ریٹینوبلاسٹوما آنکھ میں ہونے والا کینسر ہے جو آنکھ کے ریٹینا میں بنتا ہے۔ یہ کینسر زیادہ تر چھوٹے بچوں اور عام طور پر 3 سال کی عمر سے پہلے ہوتا ہے۔**

## ریٹینوبلاسٹوما کی علامات :

- پتلی میں ایک سفید چمک ، فلیش استعمال کیے جانے کے وقت یہ کسی تصویر میں دکھائی دے سکتا ہے۔ پتلی آنکھ کا مرکزی حصہ جو کہ سیاہ ہوتا ہے وہ اس کینسر سے متاثرہ بچوں میں کیمرے کی روشنی کی وجہ سے سرخ آنکھ کی بجائے **سفید پتلی کی رفلیکس یا بلی کی آنکھ جیسا** ہوتا ہے۔ یہ اس کینسر کی سبسے عام علامت ہے۔
- **آنکھ کا بھینگا پن** (سست پن)، آنکھ کے کینسر کی دوسری عام علامت ہے۔
- ایک آئرس (آنکھ کا رنگین حصہ) جو ایک مختلف رنگ کا ہوتا ہے۔
- بصارت میں مسائل۔
- سرخ اور جلن والی آنکھیں
- آنکھ میں ٹیومر کے بڑھنے کی وجہ سے آنکھ پر ڈباو پڑتا ہے اور درد کی وجہ سے الٹی اور قے ہوتی ہے۔

# ریٹینوبلاسٹوما کی تشخیص





- **تشخیص :**

- **ان علامات کے ظاہر ہوتے ہی بچوں کے ماہر امراض آنکھ ( بچوں کی آنکھوں کا ڈاکٹر) اور بچوں کی آنکھوں کے کینسر والے ڈاکٹر کو دکھانا ضروری ہے ۔**

- **آنکھ کے کینسر کی تشخیص کے لیے طبی ہسٹری ، آنکھ کا معائینہ ، آئی اوربٹ ٹیسٹ اور ایم-آر-آئی ضروری ہیں۔**








St. Jude Children's Research Hospital

# دماغ اور سپائنل کورڈ میں ہونے والے ٹیومرز

UNIVERSITY OF CHILD HEALTH SCIENCES LAHORE
Learn, Explore, Transform

- **دماغ میں ہونے والے ٹیومرز کو برین ٹیومر کہا جاتا ہے ۔ دماغ اور سپائنل کورڈ ٹیومرز ، لیوکیمیا کے بعد بچوں میں ہونے والے دوسری سب سے عام قسم کے کینسر ہیں۔ یہ ٹیومرز بچوں میں ہونے والی اموات کی اہم وجہ ہیں۔**





## برین ٹیومرز کی علامات :

- سر کا درد، متلی اور قے (خاص طور پر صبح کے وقت)
- بصارت میں کمی کے مسائل۔
- بولنے یا سننے میں کمی کے مسائل۔
- توازن کھو بیٹھنا ، ہم آہنگی میں کمی کے مسائل یا چلنے میں دشواری۔



- بازووں یا پیروں میں کمزوری ۔
- دورے پڑنا ، شدید تھکاوٹ محسوس کرنا ۔




- غیر معمولی وزن میں تبدیلی۔
- ہارمونز میں ہوئی تبدیلیوں سے متعلق علامات جیسے پیاس کا زیادہ لگنا ،وقت سے پہلے بالغ ہونا۔
- شخصیت میں تبدیلیاں، سکول کی کارکردگی میں تبدیلیاں۔

Together by St. Jude

# برین ٹیومرز کی علامات اور تشخیص

- جسم کی کمزوری ، سن ہوجانا، جھنجھنانا ،جسم کے ایک حصے بازو یا ٹانگ یا دونوں میں کمزوری اور تبدیلیاں محسوس کرنا ۔
- دائمی پیٹھ درد ، بیت الخلاء میں پریشانی ہونا ( اسپائنل کارڈ ٹیومرز).
- اسکولیوسس ( کمر کا ٹیڑھا پن، اسپائنل کارڈ ٹیومرز)۔
- سر کو ایک طرف جھکانا ، نوزائیدہ بچوں میں سر کا سائز بڑھ جانا۔


## تشخیص :


- دماغ اور سپائنل کورڈ میں ہونے والے ٹیومرز کی علامات شروع میں واضح نہیں ہوسکتے ہیں اور انہیں شناخت کرنے میں مشکل ہوسکتی ہے۔
- اعصابی جانچ کے دماغ کے کام کرنے کے مختلف پہلو کو ماپتا ہے اور ان میں یاد داشت ، دیکھنے ، سننے ، پٹھوں کی طاقت ، توازن ، ہم آہنگی شامل ہیں۔
- ایم-آر-آئی کنڑراسٹ کے ساتھ۔

Together by St. Jude™

# لیور کینسر / جگر کا کینسر

- لیور پیٹ کے اوپر دائیں جانب ایک بڑا اور اہم عضو ہے۔جگر کے کینسر میں جگر کے خلیے غیر معمولی طور پر بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں اور ایک رسولی (ٹیومر) بنا لیتے ہیں جو کہ جگر کے اندر سے پیدا ہو سکتی ہے (پرائمری لیور کینسر ) یا جسم کے کسی اور حصے سے پھیل کر جگر میں آسکتی ہے ( سیکنڈری یا میٹاسٹیٹک لیور کینسر) کہتے ہیں۔




- لیور کیسنر 1 سے 5 سال تک کی عمر میں پایا جاتا ہے۔

Together by St. Jude™

# لیور کینسر کی علامات اور تشخیص

- پیٹ میں گٹھلی یا سوجن ( اکثر بغیر کسی علامات کے ہوتا ہے۔
- پیٹ یا کمر میں درد ۔
- بھوک نہ لگنا ،وزن میں کمی ۔
- جلد میں خارش ۔
- یرقانی تبدیلیاں (انکھ / جلد کا پیلاپن)
- متلی اور قے ہونا
- بخار
- ابتدائی بلوغت

## تشخیص :


- ایم- آر - آئی ، ٹشو بائوپسی ، سی- ٹی سکین-
- خون اور پیشاپ کے ٹیسٹ۔
- ایلفا فیٹو پروٹین ٹیسٹ۔


# ایونگ سارکوما / آسٹیوسارکوما



- ایونگ سارکوما کینسر کی ایک قسم ہے جو کہ ہڈیوں اور ہڈیوں کے اردگرد نرم ٹشو میں پایا جاتا ہے ۔یہ کینسر اکثر ٹانگ، پسلیوں یا بازو میں ہوتا ہے ۔

- ایونگ سارکوما زیادہ تر بڑے بچوں اور نوجوانوں (5 سال سے زیادہ کی عمر ) میں پایا جاتا ہے۔






St. Jude Children's Research Hospital

# ایونگ سارکوما اور آسٹیوسارکوما کی علامات اور تشخیص

## علامات :

- ٹیومر کی جگہ کے اردگرد سوجن ، گٹھلی یا درد محسوس ہونا۔
- بخار کا ہونا۔
- ہڈیوں میں درد اور تھکاوٹ خاص طور پر رات کے وقت ۔
- چلنے میں مشکل پیش آنا ۔
- ہڈی کا بلاوجہ ٹوٹ جانا ۔
- درد ہفتوں یا مہینوں میں شدید ہوسکتا ہے اور رات میں بچوں کو بیدار کرنے کی وجہ بن سکتا ہے ۔

## تشخیص:

- ٹشو بائیوپسی۔
- خون کا ٹیسٹ ( سی- بی ۔ سی )
- ایل - ڈی - ایچ کا ٹیسٹ ( یہ خون میں پایا جانے والا ایسا مادہ ہے جو اس کینسر میں بڑھ سکتا ہے)
- ایم - آر- آئی ، سی ٹی سکین ، پٹ سکین P.E.T scan ، ایکسرے ۔


Together by St. Jude™

# ولمز ٹیومر / نیفروبلاسٹوما / گردے کا کینسر

St. Jude Children's Research Hospital

- یہ شیرخوار میں پایا جانے والا سب سے زیادہ عام قسم کا گردے میں ہونے والا کینسر ہے۔ ولمز ٹیومر کو نیفروبلاسٹوما کے نام سے جانا جاتا ہے- یہ زیادہ تر 5 سال سے کم عمر بچوں میں پایا جاتا ہے۔

- رینل سیل کارسینوما 15 سے 19 سال کی عمر کے درمیان بچوں میں گردے میں ہونے والا سب سے عام قسم کا ٹیومر ہے-




گردے پیٹ کے پچھلے حصے میں ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف میں موجود ہوتے ہیں۔ ان کا اصل کام خون کو فلٹر اور صاف کرنا اور پیشاب بنانا ہے۔

Together by St. Jude™

# ولمز ٹیومر / نیفروبلاسٹوما کی علامات اور تشخیص

## علامات :

- پیٹ میں درد، گٹھلی اور سوجن کا ہونا ۔
- پیشاپ میں خون آنا۔
- ہائی بلڈ شوگر کاہونا۔
- بخار کا ہونا۔
- بھوک کا نہ لگنا ، وزن میں کمی ، قبض کا علاج سے ختم نہ ہونا ۔
- غیر ضروری تھکاوٹ، الجھن ، بے حد پیاس کا لگنا ، الٹی کا آنا۔

## تشخیص :

- کینسر کی طبی ہسٹری اور جسمانی معائینہ۔
- خون اور پیشاپ کے لیب ٹیسٹ۔
- جگر اور گردے کے ٹیسٹ۔
- ایلیکٹرولائیٹ ٹیسٹ۔
- سی -ٹی سکین
- ایم- آر- ئی ٹیسٹ۔

# جرم سیل ٹیومرز

- **جرم سیل وہ خصوصی خلیے ہیں جو انسان کی پیدائش سے پہلے بنتے ہیں اور بعد میں خصیے (Testes) یا بیضہ دانی (Ovaries) میں تبدیل ہوجاتے ہیں ۔ جب ان خلیوں میں کسی وجہ سے نارمل نشونما نہ ہو سکے تو وہ ایک رسولی یا ٹیومر کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اور جرم سیل ٹیومر کہلاتے ہیں۔**
- **یہ عام طور پر 1 سال سے 4 سال کی عمر یا 14 سے 15 سال کی عمر میں پائے جا سکتے ہیں۔**
- **یہ بچوں میں پایا جانے والا عام کینسر ہے۔**

## تشخیص:

- فیملی ہسٹری, بائیوپسی-
- خون کے ٹیسٹ۔ ان میں الفافیٹوپروٹین (AFP) اور بیٹا ہیومن کورونک گوناڈوٹروپن (β-HCG) شامل ہے-
- الٹراساؤنڈز, ایم آر آئی-
- کمپیوٹیڈ ٹوموگرافی (CT یا CAT اسکین), (PET) اسکین-

St. Jude Children's Research Hospital

UNIVERSITY OF CHILD HEALTH SCIENCES LAHORE

Learn, Explore, Transform

Together by St. Jude™


## جرم سیل ٹیومر (بیضہ دانی کا کینسر / Ovarian Cancer)


### علامات:

- پیٹ میں ہاتھ سے محسوس ہونے والی گانٹھ، جو اچانک پیدا ہونے والی شدید علامات کے ساتھ بھی ہو سکتی ہے اور بغیر کسی نمایاں علامت کے بھی۔ اس کے ساتھ پیشاب کا بالکل بند ہو جانا یا بہت کم مقدار میں آنا – یہ اکثر اووری کے مڑ جانے (اووریئن ٹورشن) کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

- مسلسل قبض رہنا / بلا وجہ پیٹ میں درد رہنا۔

- ماہواری کے علاوہ غیر معمولی اندامِ نہانی خون یا خونی مادّہ آنا – یعنی غیر معمولی یا خونی ڈِسچارج / خون آنا






## جرم سیل ٹیومر (خصیوں کا ٹیومر / Testicular Cancer)

**علامات:**

- خصیے یا سکروٹم میں بتدریج بڑھتی ہوئی سوجن یا سخت گانٹھ – ایسی گانٹھ جو نرم تھیلی (جیسے پانی بھرے تھیلی) نہ ہو بلکہ ٹھوس محسوس ہو۔
- سوزش یا انفیکشن (inflammation / infection) کی کوئی واضح علامت نہ ہونا – یعنی گانٹھ کے اردگرد لالی، بخار کا نہ ہونا۔
- سکروٹم یا خصیے میں تکلیف یا درد – کبھی ہلکا سا بوجھ محسوس ہونا، بھاری پن،مستقل یا کبھی کبھار درد۔



| لیبارٹری (پیتھالوجی) ٹیسٹ | تشخیصی امیجنگ ٹیسٹ |
|---|---|
| • خون کے ٹیسٹس<br>• پیشاب کے ٹیسٹ<br>• بون میرو اسپائریشن (ہڈی کا گودا نکالنا) اور بایوپسی<br>• ٹیومر بائیوپسی<br>• لمبر پنکچر | • ایکسرے/ فلوروسکوپی<br>• الٹراساؤنڈ (سونوگرافی)<br>• CT اسکین<br>• PET اسکین<br>• MRI<br>• جوہری ادویات کا اسکین |

Together by St. Jude™

